2.2۔ محل وقوع

2.2.1۔ ہندوستان کا محل وقوع

ہندوستان کی سرزمین 8 ڈگری 4 منٹ شمالی عرض بلد سے 37 ڈگری 6 منٹ شمالی عرض بلد اور 68 ڈگری 7 منٹ مشرقی طول بلد سے 97 ڈگری 25 منٹ مشرقی طول بلد کے درمیان پھیلی ہوئی ہے۔ اس طرح شمال سے جنوب تک اس کا فاصلہ 3214 کلومیٹر اور مشرق سے مغرب تک اس کا فاصلہ 2933 کلومیٹر ہے۔ ہندوستان کا رقبہ دنیا کے رقبے کا 2.42% ہے۔

ہندوستان مکمل طور پر شمالی نصف کرہ اور مشرقی نصف کرہ میں پایا جاتا ہے۔ خط سرطان (23.30 درجے شمالی عرض بلد) ملک کے درمیان سے گزرتا ہے۔ یہ خط ملک تقریباً دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ اس عرض بلد کے شمال کا حصہ شمالی ہندوستان اور اس کے جنوب کا حصہ جنوبی ہندوستان کہلاتا ہے۔ اسی طرح 82.30 مشرقی طول بلد ملک کے درمیان سے گزرتا ہے۔ اسے ہندوستان کا معیاری خط نصف النہار مانا جاتا ہے۔ اس کی بنیاد پر ہندوستان کا معیاری وقت طے کیا جاتا ہے۔

2.3 ہندوستان۔ پڑوسی ممالک

ہندوستان براعظم ایشیاء میں واقع ہے۔اس کے تینوں طرف سمندر موجود ہے۔ مغرب میں بحرعرب، مشرق میں خلیج بنگال اور جنوب میں بحرہند ہے۔شمال مغرب میں پاکستان اورافغانستان ہیں، شمال میں چین، بھوٹان، تبت اور نیپال ہیں، مشرق میں بنگلہ دیش اور میانمار ہیں جبکہ جنوب میں سری لنکااور مالدویپ جزائر بحرہند میں واقع ہیں۔

ہندوستان کا جنوب بعید کا کنارہ اندراپوائنٹ کہلاتا ہے۔ یہ نکوبار جزائر میں 6 ڈگری 4 منٹ شمالی عرض بلد پر واقع ہے۔ ہندوستان کی اصل سرزمین کا جنوب بعید کا کنارہ کنیا کماری ہے (جو 8 ڈگری 4 منٹ شمالی عرض بلد پر ہے)۔